مستغرق کر دیجیو اور میری دعا خوبی کے ساتھ قبول فرما کر مجھ پر احسان اور میری برائیاں

وَاَقِلْنِیْ عَثْرَتِیْ وَاغْفِرْلِیْ زَلَّتِیْ فَاِنَّكَ

دور کر دیجیو اور میری برائیاں دور کر دیجیو۔ میری لغزشیں بخش دیجیو اس لئے کہ

قَضَيْتَ عَلٰی عِبَادِكَ بِعِبَادَتِكَ وَ

تو نے اپنے بندوں کے بارے میں یہ طے فرما دیا ہے کہ وہ تیری عبادت کیا کریں

اَمَرْتَهُمْ بِدُعَآئِكَ وَضَمِنْتَ لَهُمُ

اور ان کو تو نے یہ حکم دے دیا ہے کہ تجھی سے دعا مانگا کریں اور ان کی خاطر

الْاِجَابَةَ فَاِلَيْكَ يَارَبِّ نَصَبْتُ

سے قبولیت دعا کی خود تو نے ضمانت فرمائی ہے سوائے پروردگار میں نے تیری ہی

وَجْهِیْ وَاِلَيْكَ يَارَبِّ مَدَدْتُّ يَدِیْ

طرف اپنی لو لگائی اور اسے میرے پروردگار میں نے تیری حضور میں اپنے

فَبِعِزَّتِكَ اسْتَجِبْ لِیْ دُعَآئِیْ وَبَلِّغْنِیْ

ہاتھ پھیلا دیئے پس اپنی عزت کے صدقہ میں میری یہ دعا قبول فرمالے اور میری

مُنَایَ وَلَا تَقْطَعْ مِنْ فَضْلِكَ

منتہائے آرزو تک مجھے پہنچا دے اور اپنے فضل و کرم سے مجھے ناامید نہ کر

رَجَآئِیْ وَاكْفِنِیْ شَرَّ الْجِنِّ وَ

اور جنوں اور آدمیوں میں سے جتنے بھی میرے دشمن ہوں ان سب کے

الْاِنْسِ مِنْ اَعْدَآئِیْ یَا سَرِیْعَ الرِّضَآءِ

شر سے مجھے بچالے اور سب سے جلد راضی ہونے والے اسے بخش دے جس

اِغْفِرْ لِمَنْ لَّا یَمْلِكُ اِلَّا الدُّعَآءَ فَاِنَّكَ

کا دعا کرنے کے سوا اور کچھ بس نہیں چلتا اس لئے کہ جو

فَعَّالٌ لِّمَا تَشَآءُ یَا مَنِ اسْمُهٗ دَوَآءٌ

کچھ چاہے اسے بے دھڑک کر گزرتا ہے اے وہ کہ جس کا نام

وَّذِكْرُهٗ شِفَآءٌ وَّطَاعَتُهٗ غِنًى اِرْحَمْ

(ہر جسمانی مرض کی دوا) اور جس کی یاد ہر روحانی مرض کیلئے شفا اور جس

مَنْ رَّاْسُ مَالِهِ الرَّجَآءُ وَسِلَاحُهُ

کی اطاعت بے پروا کر دینے والی ہے اس شخص پر رحم کر جس کی پونجی

الْبُكَآءُ یَا سَابِغَ النِّعَمِ وَیَا دَافِعَ

امید ہے اور جس کے ہتھیار رونا (اور پیٹنا) اے نعمتوں کو گوارا بنانے والے

النِّقَمِ یَا نُوْرَ الْمُسْتَوْحِشِیْنَ فِی

اے بلاؤں کے دفع کرنے والے اے اندھیروں میں گھبرانیوالوں کو روشنی

الظُّلَمِ یَا عَالِمًا لَّا یُعَلَّمُ صَلِّ عَلٰی

پہنچانے والے اے اس کا سا علم رکھنے والے جس کو کوئی تعلیم نہیں دیجاتی تو

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ بِیْ مَآ

محمدؐ اور آل محمدؐ پر رحمت بھیج اور میرے حق میں وہ کر جو تیری شان

اَنْتَ اَهْلُهٗ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ

کے لئے زیبا ہے اور اللہ اپنے رسولؐ پر اور ان کی

وَالْاَئِمَّۃِ الْمَیَامِیْنَ مِنْ اٰلِہٖ وَ

اولاد میں جو صاحب برکت امام ہیں ان پر رحمت اور ایسا سلام بھیج

سَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا ○

جیسا کہ بھیجنے کا حق ہے بہت بہت سلام

دُعَائے مَشْلُوْل

سید ابن طاؤس علیہ الرحمۃ نے کتاب مہج الدعوات میں حضرت امام حسین علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ایک شب میں اپنے پدر بزرگوار علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے ہمراہ طواف خانہ کعبہ میں مصروف تھا اور وہ شب بہت تیرہ و تاریک تھی اور سوائے میرے اور میرے پدر بزرگوار کے اور کوئی اس وقت طواف میں نہ تھا بلکہ اکثر خلائق خواب استراحت میں تھی کہ ناگاہ میں نے ایک آواز فریاد کی سنی کہ کوئی شخص بآواز دردناک و حزیں یہ اشعار پڑھ رہا ہے۔

اَمَّنْ یُّجِیْبُ دُعَآءَ الْمُضْطَرِّ فِی الظُّلَمِ

اے وہ کہ مستجاب کرتا ہے دعاء مضطر کی تاریکی میں

یَا کَاشِفَ الضُّرِّ وَالْبَلْوٰی مَعَ السَّقَمِ

اے دفع کرنے والے ضرر اور بلاؤں اور بیماریوں کے

قَدْ نَامَ وَفْدُکَ حَوْلَ الْبَیْتِ وَانْتَبَهُوْا

بتحقیق کہ سوگئے لوگ گرد کعبے کے اور جاگے

وَاَنْتَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَمْ تَنَمِ

اور تو اے زندہ اور قائم نہیں سوتا

هَبْ لِیْ بِجُوْدِکَ فَضْلَ الْعَفْوِ عَنْ جُرُمِیْ

مجھ کو اپنی رحمت اور احسان کے فضل سے بخش دے

يَا مَنْ اَشَارَ اِلَيْهِ الْخَلْقُ فِي الْحَرَمِ

اے وہ کہ خلقت حرم میں اس کی طرف اشارہ کرتی ہے

اِنْ كَانَ عَفْوُكَ لَا يَرْجُوهُ ذُوسَرَفٍ

اگر عفو تیرا ایسا نہ ہو کہ امید رکھیں صاحب اسراف

فَمَنْ يَّجُودُ عَلَى الْعَاصِيْنَ بِالنِّعَمِ

پس کون مہربانی کرے گا گنہگاروں پر ساتھ نعمت کے

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے جناب امام حسین علیہ السلام کو اس کے پاس بھیجا پس حضرت امام حسین علیہ السلام بموجب ارشاد اس کو اپنے ہمراہ خدمت میں امیر المومنین علیہ السلام کی لائے۔ حضرت نے نام دریافت کیا اس نے عرض کیا نام میرا منازل ابن لاحق ہے اور میں پہلے اپنی شامت نفس سے گناہ بہت زیادہ کیا کرتا تھا اور میرا باپ کمال مہربانی سے مجھ کو وعظ و نصیحت کرتا اور عذاب خدا سے ڈرایا کرتا تھا میں اس کی نصیحت کو نہیں مانتا تھا بلکہ اس کو مارا کرتا تھا ایک روز اس نے کچھ روپیہ گھر میں مجھ سے چھپا کر رکھے تھے میں اس روپیہ کو واہیات خرچ کرنے لے چلا اس نے مجھ کو روکا اور چاہا کہ روپیہ مجھ سے لے لیوے میں نے اس کا ہاتھ مروڑ کر روپیہ اس سے چھین لیا، پس وہ خانہ کعبہ میں آیا اور طواف خانہ کعبہ کیا۔ اور اپنے ہاتھوں کو آسمان کی طرف بلند کرکے میری شکایت خدا سے کی اور دعا کی کہ میرا ایک طرف کا بدن شل ہو جائے

قسم ہے خدا کی کہ ہنوز اس کی دعائے بد میرے حق میں تمام نہ ہوئی تھی کہ میرا بدن شل ہو گیا اور رہ گیا جس طرح آپ ملاحظہ فرماتے ہیں بعد اس کے میرا باپ اپنے وطن کو چلا گیا جب میرا یہ حال ہوا تو میں نے اپنے باپ سے کمال عذر خواہی کی اور اس سے استدعا کی کہ جس مقام میں تم نے میرے واسطے بد دعا کی ہے اسی مقام پر دعائے خیر کرو کہ بلا مجھ سے دفع ہو، میری استدعا کو میرے باپ نے محبت پدری سے قبول کیا لیکن میں اپنے باپ کو دعائے خیر کے لئے اونٹ پر بامید شفا لا رہا تھا کہ ناگاہ راہ میں ایک مرغ نے پرواز کی اور اونٹ بھڑکا، میرا باپ اونٹ پر سے گر کر انتقال کر گیا، اب لوگ طعن و تشنیع کرتے ہیں اور کہتے ہیں الماخوذ بعوق ابیہ باپ کے عقوق کرنے سے بلائے ناگہانی میں گرفتار ہے، لوگوں کا یہ کہنا مجھ پر شاق ہے۔ پس جناب امیر علیہ السلام نے اس دعا کو اس کے لئے لکھا ہے اور ارشاد فرمایا کہ اسی شب اس دعا کو باوضو پڑھ، جب صبح کو میرے پاس آئے گا تو یہ بلا تجھ سے دفع ہو گی اور اللہ تیری توبہ

18

قبول کرے گا جب صبح ہوئی تو وہ شخص حضرت کی خدمت میں اس طرح حاضر ہوا۔ کہ بالکل تندرست ہاتھ میں حضرت کی لکھی ہوئی دعا اور کہتا جاتا تھا کہ یا حضرت بخدا یہ دعا اسم اعظم ہے اس واسطے کہ شب گذشتہ جب لوگ سو گئے اور مسجد الحرام میں لوگوں کی آمد و رفت کم ہوتی تو میں نے اپنے ہاتھوں کو آسمان کی طرف اٹھا کر کئی مرتبہ اس دعا کو پڑھا اور بعد پڑھنے کے سو گیا پس خواب میں جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ وہ جناب اپنے دست مبارک سے میرے بدن کو ملتے ہیں اور فرماتے ہیں محافظت کر اس اسم اعظم خدا کی" پس ناگاہ بیدار ہوا تو دیکھا میں نے کہ سب بلائیں اور عارضے دفع ہو گئے "خدا تم کو جزائے خیر دے یا امیر المومنین" اسی وجہ سے اس دعا کو دعائے مشلول کہتے ہیں۔

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا کہ اس دعا میں اسم اعظم ہے اور پڑھنا اس دعا کا باعثِ اجابت دعا اور برطرف ہونے غم والم وکلفت کا ہے اور اس دعا کے پڑھنے والے کا قرض ادا ہو جائے اور فقر مبدل بہ غنا ہوئے اور گناہ اس کے بخش دیئے جائیں اور عیب اس کے پوشیدہ ہوں اور باعث ایمنی کا ہے شر شیطان اور سلطان سے۔ اور اگر پڑھے مطیع خدا اس دعا کو پہاڑ پر تو پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جائے اور اگر مُردے پر پڑھے تو خدا اس دعا کی برکت سے اس کو زندہ کر دے اگر پانی پر پڑھے تو پانی جم جائے، حضرت امام حسین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اس دعا کے فائدے سن کر مجھے اس قدر خوشی حاصل ہوئی کہ اس بیمار کے اچھے ہونے کی بھی اتنی خوشی نہ ہوئی تھی اس لئے کہ اس سے پہلے میں نے اپنے پدر بزرگوار حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے اسی دعا کو سنا تھا اور حضرت نے فرمایا کہ اس دعا کو باطہارت پڑھا کرے۔ بدوں طہارت نہ پڑھنا چاہیئے۔ دعائے مشلول یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور رحیم ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ بِسْمِ

اے پروردگار میں تیرے ہی نام پر تجھ سے بھیک مانگتا ہوں اس خدا کے

اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا ذَا الْجَلَالِ

نام سے ابتدا کرتا ہوں جو آخرت میں ترس کھانے والا اور دنیا میں رحیم ہے

وَالْاِكْرَامِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

اے جلال و بزرگی والے اے ہمیشہ زندہ رہنے والے اور لے قائم اور نظام

اَنْتَ يَا هُوَ يَا مَنْ لَا يَعْلَمُ مَا هُوَ وَلَا

کائنات کو قائم رکھنے والے تیرے سوا کوئی دوسرا خدا نہیں اے وہ اللہ اے وہ

كَيْفَ هُوَ وَلَا اَيْنَ هُوَ وَلَا حَيْثُ هُوَ اِلَّا هُوَ

خدا اے وہ ذات کہ کوئی (اور) نہیں جانتا کہ وہ کیا ہے کیونکر ہے اور کہاں ہے

يَا ذَا الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ يَا ذَا الْعِزَّةِ

اور کسطرح ہے بس وہ خود ہی عالم ہے اے ملک وسلطنت والے اے عالم بالا

وَالْجَبَرُوْتِ يَا مَلِكُ يَا قُدُّوْسُ يَا

کے حاکم اے عزت والے اے اقتدار والے اے مالک اے پاکیزہ اے

سَلَامُ يَا مُؤْمِنُ يَا مُهَيْمِنُ يَا عَزِيْزُ

(ہمہ) سلامتی اے امن دینے والے اے پاسبان اے عزت و مرتبہ والے

يَا جَبَّارُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا خَالِقُ يَا بَارِئُ

اے زبردست اے بزرگی والے اے پیدا کرنے والے اے موجود کرنوالے

يَا مُصَوِّرُ يَا مُفِيْدُ يَا مُدَبِّرُ يَا شَدِيْدُ

اے صورت گری کرنیوالے اے فائدہ پہنچانیوالے اے تدبیر کرنیوالے اے سخت گیر

يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَا مُبِيْدُ يَا وَدُوْدُ

اے ابتدا کرنیوالے اے پلٹانے والے اے ہلاک کرنیوالے اے محبت کرنیوالے

يَا مَحْمُوْدُ يَا مَعْبُوْدُ يَا بَعِيْدُ يَا قَرِيْبُ

اے حمد کے مرکز اے معبود اے ظاہر اے دور رہنے والے

يَا مُجِيْبُ يَا رَقِيْبُ يَا حَسِيْبُ يَا بَدِيْعُ

(بندہ سے) اے قریب رہنے والے اے دعاؤں کے قبول کرنیوالے اے نگہبانی کرنیوالے اے

يَا رَفِيْعُ يَا مَنِيْعُ يَا سَمِيْعُ يَا عَلِيْمُ يَا

کافی اے ایجاد کرنیوالے اے بلند و برتر اے حملوں سے محفوظ اے سننے والے اے جاننیوالے

حَكِيْمُ يَا كَرِيْمُ يَا حَلِيْمُ يَا قَدِيْمُ يَا

اے حکمت والے اے کرم والے اے حلم والے اے ہمیشہ رہنے والے اے

عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا

برتر و بالا اے عظمت والے اے ترس کھانیوالے اے احسان کرنیوالے اے

دَيَّانُ يَا مُسْتَعَانُ يَا جَلِيْلُ يَا جَمِيْلُ

جزا دینے والے اے مدد کیلئے پکارے جانیوالے اے جلالت والے اے جمال والے

يَا وَكِيْلُ يَا كَفِيْلُ يَا مُقِيْلُ يَا مُنِيْلُ

اے کارساز اے مدد کرنیوالے اے سنبھالنے والے اے عطا کرنیوالے

يَا دَلِيْلُ يَا نَبِيْلُ يَا هَادِيْ يَا بَادِيْ

اے فضل والے اے راہنما اے راہبر اے خالق

يَا اَوَّلُ يَا آخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا

اے سب سے پہلے اے سب کے بعد اے سب کے بعد رہنے والے اے ظاہر اے

قَائِمُ يَا دَائِمُ يَا عَالِمُ يَا حَاكِمُ يَا

مخفی اے قائم اے ہمیشہ رہنے والے اے جاننیوالے اے حکم کرنے والے اے

قَاضِيْ يَا عَادِلُ يَا فَاصِلُ يَا وَاصِلُ

فیصلہ کرنے والے اے انصاف کرنیوالے اے جدا کرنے والے اے ملانے والے

يَا طَاهِرُ يَا مُطَهِّرُ يَا قَادِرُ يَا مُقْتَدِرُ

اے پاک اے پاک کرنیوالے اے صاحب قدرت اے صاحب اختیار

يَا كَبِيرُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا وَاحِدُ يَا أَحَدُ يَا

اے بزرگ اے بزرگی والے اے تنہا اے یکتا اے

صَمَدُ يَا مَنْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ

سردار نافذالارادہ والے وہ جو کسی کا باپ نہیں اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا ہے

لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَهُ صَاحِبَةٌ وَّلَا وَلَدٌ

اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے اور نہ کوئی اسکی زوجہ ہے اور نہ بیٹا

وَّلَا كَانَ مَعَهُ وَزِيرٌ وَّلَا اتَّخَذَ مَعَهُ

اور نہ کوئی اس کا وزیر اور نہ اس نے اپنا کسی کو مشیر

مُشِيرٌ وَّلَا احْتَاجَ إِلَىٰ ظَهِيرٍ وَّلَا

بنایا ہے اور نہ وہ محتاج ہے کسی پشت پناہ کی طرف اور نہ اس

كَانَ مَعَهُ مِنْ إِلٰهٍ غَيْرُهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا

کے سوا کوئی دوسرا خدا تیرے سوا کوئی دوسرا خدا نہیں

أَنْتَ فَتَعَالَيْتَ عَمَّا يَقُولُ الظّٰلِمُونَ

تیری ذات (ان اقوال سے) جو ظالمین کہتے ہیں بلند و برتر ہے

عُلُوًّا كَبِيرًا يَا عَلِيُّ يَا شَامِخُ يَا بَاذِخُ يَا

اے بلند اے برتر اے بہت دینے والے اے

فَتَّاحُ يَا نَفَّاحُ يَا مُرْتَاحُ يَا مُفَرِّجُ يَا

کھولنے والے اے ہواؤں کے چلانیوالے اے راحتوں کے دینے والے اے

نَاصِرُ یَا مُنْتَصِرُ یَا مُدْرِكُ یَا مُهْلِكُ

غموں کے دور کرنیوالے اے مدد کرنیوالے اے مدد دینے والے (مظلوم کیلئے) اے پانے والے اے

یَا مُنْتَقِمُ یَا بَاعِثُ یَا وَارِثُ یَآ اَوَّلُ

ہلاک کرنیوالے اے انتقام لینے والے اسے مُردوں کو اٹھانیوالے اے وارث اسے رب کے پہلے

یَآ اٰخِرُ یَا طَالِبُ یَا غَالِبُ یَا مَنْ لَّا

اے رب کے بعد رہنے والے اسے طلب کرنیوالے اسے سب پر غالب اسے وہ ذات جسکی گرفت

یَفُوْتُهٗ هَارِبٌ یَا تَوَّابُ یَآ اَوَّابُ یَا

سے بھاگنے والا بھاگ نہیں سکتا اسے بار بار پلٹنے والے اے توبہ قبول کرنیوالے اے

وَهَّابُ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُفَتِّحَ

بہت عطا کرنیوالے اسے ذریعوں کے مہیا کرنے والے اسے بند دروازوں

الْاَبْوَابِ یَا مَنْ حَیْثُ مَا دُعِیَ اَجَابَ

کے کھولنے والے اسے وہ کہ جس طرح بھی پکارا جائے دُعا قبول کرتا ہے

یَا طَهُوْرُ یَا شَكُوْرُ یَا عَفُوُّ یَا غَفُوْرُ یَا

اسے پاکوں کے پاک اسے شکر گذاروں کے بدلہ دینوالے اے بخشنے والے اسے

نُوْرَ النُّوْرِ یَا مُدَبِّرَ الْاُمُوْرِ یَا لَطِیْفُ

نوروں کے نور دینوالے اسے کاموں کے درست کرنیوالے اسے لطف وکرم کرنیوالے

یَا خَبِیْرُ یَا مُجِیْرُ یَا مُبِیْرُ یَا مُنِیْرُ یَا

اسے خبر رکھنے والے اسے پناہ دینیوالے اسے ہلاک کرنیوالے اسے روشنی دینیوالے

نَصِیْرُ یَا بَصِیْرُ یَا ظَهِیْرُ یَا كَبِیْرُ یَا

اسے مددگار اسے بینا اسے معین ومحافظ اسے بزرگ اسے

وِتْرُ يَا فَرْدُ يَا اَبَدُ يَا سَنَدُ يَا صَمَدُ يَا

یگانہ اے بے مثل اے ہمیشہ رہنیوالے اے جائے پناہ اے بے نیاز لے

كَافِيْ يَا شَافِيْ يَا وَافِيْ يَا مُعَافِيْ يَا

کفایت کرنیوالے اے شفا دینے والے لے وفا کرنوالے اے در گذر کرنیوالے لے

مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُفَضِّلُ

اچھائی کرنے والے اے نیکی کرنے والے لے نعمت دینوالے لے فضیلت دینوالے

يَا مُتَفَضِّلُ يَا مُتَكَرِّمُ يَا مُتَفَرِّدُ يَا مَنْ

اے فضل کرنے والے اے صاحب بزرگی وکرامت اے یگانہ اے وہ کہ جو

عَلَا فَقَهَرَ يَا مَنْ مَّلَكَ فَقَدَرَ يَا مَنْ بَطَنَ فَخَبَرَ

بلند ہو کے غالب رہا اے وہ کہ جو مالک ہو کے صاحب قدرت رہا اے وہ جو کہ پوشیدہ

يَا مَنْ عُبِدَ فَشَكَرَ يَا مَنْ عُصِيَ فَغَفَرَ

ہو کر باخبر رہا اے وہ کہ جسکی پرستش کیگئی اور اس نے جزا دی اے وہ کہ جس نے اپنی نافرمانی پر بھی

وَسَتَرَ يَا مَنْ لَّا تَحْوِيْهِ الْفِكَرُ وَ لَا

بخشا اور پردہ پوشی کی اور اے وہ کہ جسکو انسانی فکریں گھر نہیں سکتیں اور

يُدْرِكُهُ بَصَرٌ وَّ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ اَثَرٌ

آنکھ دیکھ نہیں سکتی اور نہ کوئی چیز اس سے پوشیدہ ہے۔

يَا رَازِقَ الْبَشَرِ يَا مُقَدِّرَ كُلِّ قَدَرٍ يَا

اے انسانوں کو رزق دینے والے اے قسمتوں کے تقدیر کرنیوالے اے

عَالِيَ الْمَكَانِ يَا شَدِيْدَ الْاَرْكَانِ يَا

بلند جگہ والے اے مضبوط رکنوں والے اے

مُبَدِّلَ الزَّمَانِ يَا قَابِلَ الْقُرْبَانِ
زمانہ کے بدلنے والے اے قربانیوں کے قبول کرنے والے

يَا ذَا الْمَنِّ وَالْاِحْسَانِ يَا ذَا الْعِزِّ
اے نیکی اور احسان کرنے والے اے عزت و

وَالسُّلْطَانِ يَا رَحِيْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا
غلبہ اور حکومت والے اے رحم کرنے والے اے سب سے زیادہ ترس کرنے والے

عَظِيْمَ الشَّانِ يَا مَنْ هُوَ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ
اے بڑی شان والے اے وہ کہ ہر روز جس کی نئی شان

فِيْ شَانٍ يَا مَنْ لَّا يَشْغَلُهٗ شَانٌ عَنْ
ہے اے وہ کہ جسے ایک امر دوسرے امر سے نہیں

شَانٍ يَا عَظِيْمَ الشَّانِ يَا مَنْ هُوَ بِكُلِّ
روکتا اے بزرگ مرتبہ والے اے وہ کہ جو ہر

مَكَانٍ يَا سَامِعَ الْاَصْوَاتِ يَا مُجِيْبَ
جگہ ہے اے آوازوں کے سننے والے اے دعاؤں

الدَّعَوَاتِ يَا مُنْجِحَ الطَّلِبَاتِ يَا
کے قبول کرنے والے اے مرادوں کے پورا کرنے والے اے

قَاضِيَ الْحَاجَاتِ يَا مُنْزِلَ الْبَرَكَاتِ
حاجتوں کے برلانے والے اے برکتوں کے نازل کرنے والے

يَا رَاحِمَ الْعَبَرَاتِ يَا مُقِيْلَ الْعَثَرَاتِ
اے آنسوؤں پر رحم کرنے والے اے لغزشوں میں دستگیری کرنے والے

يَا كَاشِفَ الْكُرُبَاتِ يَا وَلِيَّ الْحَسَنَاتِ

اے غموں کے دور کرنے والے اے نیکیوں کے والی

يَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ يَا مُعْطِيَ السُّؤْلَاتِ

اے رتبوں کے بڑھانے والے اے سوالوں کے عطا کرنے والے

يَا مُحْيِيَ الْأَمْوَاتِ يَا جَامِعَ الشَّتَاتِ

اے مردوں کے زندہ کرنے والے اے بچھڑے ہوؤں کے ملانے والے

يَا مُطَّلِعُ عَلَى النِّيَّاتِ يَا رَادَّ مَا قَدْ

اے نیتوں سے واقف اے کھوئی ہوئی چیزوں کے

فَاتَ يَا مَنْ لَّا تَشْتَبِهُ عَلَيْهِ الْأَصْوَاتُ

پلٹانے والے اے وہ کہ جس پر آوازیں (ملی ہوئی فریادیں) مشتبہ نہیں ہوتیں

يَا مَنْ لَّا تُضْجِرُهُ الْمَسْئَلَاتُ وَلَا

اے وہ کہ سوالوں کی کثرت سے دل تنگ نہیں ہوتا اور جسے

تَغْشَاهُ الظُّلُمَاتُ يَا نُوْرَ الْأَرْضِ وَ

تاریکیاں نہیں چھپاتیں اے روشنی زمین اور

السَّمٰوٰتِ يَا سَابِغَ النِّعَمِ يَا دَافِعَ النِّقَمِ

آسمانوں کی اے نعمتوں کے کامل کرنے والے اے بلاؤں کے ٹالنے والے

يَا بَارِئَ النَّسَمِ يَا جَامِعَ الْأُمَمِ يَا

اے جانداروں کے پیدا کرنے والے اے امتوں کے اکٹھا کرنے والے اے

شَافِيَ السَّقَمِ يَا خَالِقَ النُّوْرِ وَالظُّلَمِ

بیماریوں سے شفا دینے والے اے اجالے اور اندھیرے کے پیدا کرنے والے

يَا ذَا الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ يَا مَنْ لَّا يَطَاءُ

اے جود و کرم والے اے وہ جس کے عرش کو

عَرْشَهٗ قَدَمٌ يَا اَجْوَدَ الْاَجْوَدِيْنَ

کسی کے پاؤں نے نہیں کچلا اے جوادوں میں سب سے زیادہ جواد

يَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ يَا اَسْمَعَ السَّامِعِيْنَ

اے کرم کرنے والوں میں سب سے زیادہ کرم کرنے والے اے سننے والوں میں سب سے زیادہ سننے

يَا اَبْصَرَ النَّاظِرِيْنَ يَا جَارَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ

والے اے دیکھنے والوں میں سب سے زیادہ دیکھنے والے اے پناہ ڈھونڈھنے والوں

يَا اَمَانَ الْخَائِفِيْنَ يَا ظَهْرَ اللَّاجِيْنَ

کی جائے پناہ اے ڈرنے والوں کیلئے امان اے پناہ چاہنے والوں کی پشت پناہ

يَا وَلِيَّ الْمُؤْمِنِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ

اے ایمان والوں کے دوست اور مددگار اے فریاد کرنے والوں کے فریادرس

يَا غَايَةَ الطَّالِبِيْنَ يَا صَاحِبَ كُلِّ غَرِيْبٍ

اے حاجتمندوں کی (انتہا) مراد اے ہر مسافر کے ساتھی اے

يَا مُوْنِسَ كُلِّ وَحِيْدٍ يَا مَلْجَاَ كُلِّ

اے ہر تنہا کے ہمدم اور مونس اے ہر در بدر پھرنے والے

طَرِيْدٍ يَا مَاْوٰى كُلِّ شَرِيْدٍ يَا حَافِظَ

کی جائے پناہ اے ہر کھدیڑے ہوئے شخص کے ملجا اے کھوئی ہوئی چیز کے محافظ

كُلِّ ضَالَّةٍ يَا رَاحِمَ الشَّيْخِ الْكَبِيْرِ يَا رَازِقَ

کرنے والے اے بوڑھوں پر ترس کھانے والے اے چھوٹے بچوں

الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ يَاجَابِرَ الْعَظْمِ الْكَسِيْرِ

کو رزق دینے والے اے ٹوٹی ہوئی ہڈی کے جوڑنے والے

يَافَاكَّ كُلِّ اَسِيْرٍ يَا مُغْنِيَ الْبَائِسِ

اے ہر قیدی کے چھوڑانے والے اے پریشان حال محتاج کو مالدار

الْفَقِيْرِ يَا عِصْمَةَ الْخَائِفِ الْمُسْتَجِيْرِ

بنانے والے اے خوفزدہ پناہ چاہنے والے کے بچاؤ

يَا مَنْ لَهُ التَّدْبِيْرُ وَالتَّقْدِيْرُ يَا مَنْ

اے وہ ذات کہ اسی کے لئے تدبیر اور تقدیر ہے اے وہ کہ

الْعَسِيْرُ عَلَيْهِ سَهْلٌ يَسِيْرٌ يَا مَنْ لَا

جس پر دشواریاں سہل اور آسان ہیں اے وہ کہ جسے

يَحْتَاجُ اِلٰى تَفْسِيْرٍ يَا مَنْ هُوَ عَلٰى كُلِّ

اپنے لئے توضیح و تفسیر کی ضرورت نہیں اے وہ کہ جو ہر چیز پر

شَيْءٍ قَدِيْرٌ يَا مَنْ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ

قادر ہے اے وہ کہ جو ہر چیز کی خبر رکھتا

خَبِيْرٌ يَا مَنْ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيْرٌ يَا

ہے اے وہ کہ جو ہر چیز کو جانتا اور دیکھتا ہے اے

مُرْسِلَ الرِّيَاحِ يَا فَالِقَ الْاِصْبَاحِ يَا

ہواؤں کے چلانے والے اے صبح کی پو کے پھاڑنے والے اے

بَاعِثَ الْاَرْوَاحِ يَا ذَا الْجُوْدِ وَالسَّمَاحِ

روح ملائکہ کے بھیجنے والے اے جود و سخاوت والے

يَا مَنْ بِيَدِهٖ كُلُّ مِفْتَاحٍ يَا سَامِعَ
اے وہ کہ جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی کنجی ہے اے ہر صدا کے

كُلِّ صَوْتٍ يَا سَابِقَ كُلِّ فَوْتٍ يَا مُحْيِيَ
سننے والے اے ہر گزرے ہوئے سے پہلے اے موت

كُلِّ نَفْسٍ بَعْدَ الْمَوْتِ يَا عُدَّتِيْ فِيْ
کے بعد ہر جاندار کو زندہ کرنے والے اے میری سختیوں میں

شِدَّتِيْ يَا حَافِظِيْ فِيْ غُرْبَتِيْ يَا مُوْنِسِيْ
میری پناہ اے عالم مسافرت میں میری حفاظت کرنیوالے اے میرے

فِيْ وَحْدَتِيْ يَا وَلِيِّيْ فِيْ نِعْمَتِيْ يَا كَهْفِيْ
رفیق تنہائی اے میرے ولی نعمت اے میرے

حِيْنَ تُعْيِيْنِي الْمَذَاهِبُ وَتُسَلِّمُنِي
ملجا (اس وقت) جب میری سب راہیں بند ہو جاویں اور

الْاَقَارِبُ وَيَخْذُلُنِيْ كُلُّ صَاحِبٍ يَا
راستے مجھے تھکا ڈالیں اے میرے ہادی جبکہ رشتہ دار میرا ساتھ چھوڑدیں

عِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ يَا سَنَدَ مَنْ لَّا
اور ساتھی مجھے بے مدد چھوڑدیں اے اسکی تکیہ گاہ جس کا کوئی

سَنَدَ لَهٗ يَا ذُخْرَ مَنْ لَّا ذُخْرَ لَهٗ يَا حِرْزَ مَنْ
تکیہ گاہ نہیں اے اس کے بھروسے جس کا کوئی بھروسہ نہیں اے

لَّا حِرْزَ لَهٗ يَا كَهْفَ مَنْ لَّا كَهْفَ لَهٗ يَا كَنْزَ مَنْ لَّا
اس کے سرمائے جس کا کوئی سرمایہ نہیں اے اس کی امان جس کی کوئی

كَنْزَ لَهُ يَا رُكْنَ مَنْ لَّا رُكْنَ لَهُ يَا غِيَاثَ

امان نہیں اے اسکی جائے پناہ جس کی کوئی جائے پناہ نہیں اے اس شخص کے

مَنْ لَّا غِيَاثَ لَهُ يَا جَارَ مَنْ لَّا جَارَ

خزانے جس کا کوئی خزانہ نہیں اے اس کی پشت پناہ جس کی کوئی پشت پناہ نہیں

لَهُ يَا جَارِيَ اللَّصِيقَ يَا رُكْنِيَ الْوَثِيقَ

اے اس شخص کے فریاد رس جس کا کوئی فریاد رس نہیں اے اس کے ہمسایہ

يَا اِلٰهِيْ بِالتَّحْقِيقِ يَا رَبَّ الْبَيْتِ الْعَتِيقِ

جس کا کوئی ہمسایہ نہیں اے میرے ہمسایہ جو مجھ سے ہر وقت متصل ہے اے میرے مضبوط موثق رکن

يَا شَفِيقُ يَا رَفِيقُ فُكَّنِيْ مِنْ حِلَقِ

جس کا اعتقاد (اے میرے خدائے حقیقی و تحقیقی اے کعبہ کے مالک اے مہربانی

الْمَضِيقِ وَاصْرِفْ عَنِّيْ كُلَّ هَمٍّ وَّ

کرنے والے (نرمی کرنیوالے) اے ساتھ رہنے والے مجھے (زمانے کے پھندوں سے

غَمٍّ وَّضِيقٍ وَّاكْفِنِيْ شَرَّ مَا لَا اُطِيقُ

رہا فرما اور مجھ سے رنج و غم اور تنگی اور پریشانی کو پھیر دے (دور کر) اے اللہ

وَاَعِنِّيْ عَلٰى مَا اُطِيقُ يَا رَادَّ يُوْسُفَ

جن بلاؤں کا متحمل نہیں ان کے شر سے محفوظ رکھ اور جن کے برداشت کرنے کی طاقت

عَلٰى يَعْقُوْبَ يَا كَاشِفَ ضُرِّ اَيُّوْبَ

رکھتا ہوں اس میں میری مدد کر اے یوسفؑ کو یعقوبؑ کے پاس پلٹانیوالے اے

يَا غَافِرَ ذَنْبِ دَاوٗدَ يَا رَافِعَ عِيْسٰى

ایوبؑ کی بیماریوں اور سختیوں کو دور کرنیوالے اے داؤدؑ کی لغزش کو بخشنے والے

ابْنِ مَرْيَمَ وَ مُنْجِيَهٗ مِنْ اَيْدِي

اے عیسیٰؑ کو آسمان پر چڑھانے والے اور یہودیوں کے ہاتھ سے انہیں نجات دینے

الْيَهُوْدِ يَا مُجِيْبَ نِدَآءِ يُوْنُسَ فِي

والے اے یونسؑ کی فریاد تاریکی (بحروشکم ماہی) میں سننے والے

الظُّلُمَاتِ يَا مُصْطَفِيَ مُوْسٰى بِالْكَلِمَاتِ

اے موسیٰؑ کو اپنے کلام سے مخاطب کرکے منتخب کرنے

يَا مَنْ غَفَرَ لِاٰدَمَ خَطِيْئَتَهٗ وَ رَفَعَ

والے اے وہ کہ جس نے آدمؑ کے ترک اولیٰ کو بخشا اور ادریس کو

اِدْرِيْسَ مَكَانًا عَلِيًّا بِرَحْمَتِهٖ يَا مَنْ

مقام بلند پر اپنی رحمت سے اٹھا لیا اے وہ

نَجّٰى نُوْحًا مِّنَ الْغَرَقِ يَا مَنْ اَهْلَكَ

کہ جس نے نوحؑ کو ڈوبنے سے بچایا اے وہ کہ جس نے

عَادَا الْاُوْلٰى وَ ثَمُوْدَ فَمَا اَبْقٰى وَ قَوْمَ

عاد اولیٰ اور ثمود کو بالکل ہلاک کردیا اور ان کے قبل قوم نوح

نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ اِنَّهُمْ كَانُوْا اَظْلَمَ وَ

کو جو بڑی ظالم اور سرکش تھی اور اجڑی ہوئی منقلب بستیوں کو مسمار

اَطْغٰى وَ الْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى يَا مَنْ

کردیا

اے وہ کہ جس

دَمَّرَ عَلٰى قَوْمِ لُوْطٍ وَّ دَمْدَمَ عَلٰى قَوْمِ

نے قوم لوطؑ کو ہلاک کر دیا اور قوم شعیبؑ پر اپنا غضب

شُعَيْبَ يَا مَنِ اتَّخَذَ مُوْسٰى كَلِيْمًا وَّ

نازل فرمایا اے وہ ذات جس نے ابراہیمؑ کو اپنا خلیل بنایا

اتَّخَذَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

اے وہ کہ جس نے موسیٰؑ کو اپنا کلیم بنایا اے وہ کہ جس نے محمد مصطفےٰؐ کو ان پر

وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ حَبِيْبًا يَّا مُؤْتِيَ لُقْمَانَ

اور ان کی آلؑ پر خدا کی صلوٰۃ اور رحمت ہو اپنا حبیب بنایا، اے لقمان

الْحِكْمَةَ وَالْوَاهِبَ لِسُلَيْمَانَ مُلْكًا لَّا

کو حکمت عطا کرنیوالے اے سلیمانؑ کو وہ ملک دینے والے جو ان

يَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ يَا مَنْ نَّصَرَ

کے بعد کسی کو نہ پہنچے اے جابر بادشاہوں کے

ذَا الْقَرْنَيْنِ عَلَى الْمُلُوْكِ الْجَبَابِرَةِ يَا

خلاف ذوالقرنینؑ کی مدد کرنے والے اے

مَنْ اَعْطَى الْخِضْرَ الْحَيٰوةَ وَرَدَّ لِيُوْشَعَ

وہ کہ جس نے خضرؑ کو حیات جاوید عطا کی اور یوشع بن نونؑ

ابْنِ نُوْنٍ نُّوْرَ الشَّمْسِ بَعْدَ غُرُوْبِهَا

کے لئے آفتاب کی روشنی ڈوبنے کے بعد پلٹائی۔

يَا مَنْ رَبَطَ عَلٰى قَلْبِ اُمِّ مُوْسٰى وَ

اے وہ کہ جس نے اپنے الہام سے مادر موسیٰؑ کے دل کو

اَحْصَنَ فَرْجَ مَرْيَمَ ابْنَتِ عِمْرَانَ يَا

مضبوط کردیا اور مریمؑ کو قلعہ عفت میں محفوظ رکھا اے

مَنْ حَصَّنَ یَحْیٰی ابْنَ زَکَرِیَّا مِنَ

وہ کہ جس نے یحییٰؑ بن زکریاؑ کو خلاف عصمت باتوں سے

الذَّنْبِ وَسَکَّنَ عَنْ مُّوْسَی الْغَضَبَ

بچایا اور موسیٰؑ کے غصہ کے بھڑکتے ہوئے شعلوں کو ساکن

یَا مَنْ بَشَّرَ زَکَرِیَّا بِیَحْیٰی یَا مَنْ فَدٰی

کیا اے وہ کہ جس نے زکریاؑ کو ولادت یحییٰ کی بشارت دی اے وہ کہ

اِسْمٰعِیْلَ مِنَ الذَّبْحِ بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ

جس نے اسمٰعیلؑ کا فدیہ ذبح عظیم ایک بڑی قربانی سے دیا

یَا مَنْ قَبِلَ قُرْبَانَ هَابِیْلَ وَجَعَلَ

اے وہ کہ جس نے ہابیل کی قربانی قبول کی اور قابیل پر لعنت

اللَّعْنَةَ عَلٰی قَابِیْلَ یَا هَازِمَ الْاَحْزَابِ

مقرر کی اے فوج کفار کے بھگانیوالے

لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

حضرت محمد مصطفیٰؐ کے لئے اے خدا ان پر اور ان کی آلؑ پر درود بھیج

وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَ

اے خدا تو رحمت نازل کر محمدؐ و آل محمدؐ پر اور تمام نبیوںؑ پر اور تمام رسولوں پر اور

مَلٰٓئِکَتِکَ الْمُقَرَّبِیْنَ وَاَهْلِ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ وَ

اپنے مقرب بارگاہ فرشتوں اور تمام طاعت گزار بندوں اور اے خدا

اَسْئَلُکَ بِکُلِّ مَسْئَلَةٍ سَئَلَکَ بِهَا اَحَدٌ مِّمَّنْ رَضِیْتَ

میں تجھ سے مانگتا ہوں ہر اس سوال کے واسطہ سے جو کسی ایسے شخص نے تجھ سے کیا ہو

عَنْهُ فَحَتَمْتَ لَهٗ عَلَى الْاِجَابَةِ يَآ اللّٰهُ يَآ اللّٰهُ

جس سے تو راضی ہو اور تو نے اس کے قبول کرنے پر حتم د جزم کر لیا ہو اے اللہ

يَآ اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحْمٰنُ يَا

اے اللہ اے اللہ اے رحم کرنیوالے اے رحم کرنیوالے اے رحم کرنیوالے

رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ

مہربان اے مہربان اے مہربان اے جلالت و بزرگی

وَالْاِكْرَامِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

والے اے جلالت و بزرگی والے

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِهٖ بِهٖ بِهٖ

اے جلالت و بزرگی والے اسی کا واسطہ اسی کا واسطہ اسی کا واسطہ اسی

بِهٖ بِهٖ بِهٖ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اِسْمٍ سَمَّيْتَ

کا واسطہ اسی کا واسطہ اسی کا واسطہ (اے خدا) میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِيْ شَيْءٍ مِّنْ

ہر اس ذاتی نام کے وسیلے سے جو تو نے اپنے لئے تجویز کیا ہے یا اپنے صحیفوں میں سے کسی ایک

كُتُبِكَ اَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ

میں اتارا ہے یا اسے تو نے اپنے علم غیب میں مخصوص پوشیدہ رکھا ہے اور ان مقامات

عِنْدَكَ وَبِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ

عزت کا واسطہ دے کے میں مانگتا ہوں جو تیرے عرش میں اور اس منتہائے (انزال)

وَبِمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِمَا

رحمت کے واسطے سے جو تیری کتاب میں ہے اور اس واسطہ خاص سے میں دعا

لَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَۃٍ

کرتا ہوں کہ اگر تمام درخت جو زمین پر ہیں وہ قلم ہو جائیں اور

اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ یَمُدُّہٗ مِنْ بَعْدِہٖ سَبْعَۃُ

ساتوں دریا (یکے بعد دیگرے) سیاہی ہو جائیں جب بھی خدا

اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ کَلِمَاتُ اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ

کے کلمات تمام نہ ہوں یقیناً اللہ

عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ وَّ اَسْئَلُکَ بِاَسْمَائِکَ

بڑا عزت وحکمت والا ہے اور میں تجھ سے اے خدا اسمائے حسنیٰ کے وسیلے

الْحُسْنٰی الَّتِیْ نَعَتَّہَا فِیْ کِتَابِکَ فَقُلْتَ

کے ساتھ دست سوال بڑھاتا ہوں جس کی توصیف تو نے اپنی کتاب میں

وَلِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْہُ بِہَا

کی ہے اور تو نے کہا کہ خدا کے لئے اسماء حسنیٰ ہیں (اے بندو) ان کے

وَقُلْتَ اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ وَقُلْتَ وَاِذَا سَئَلَکَ

واسطے سے خدا کو پکارو اور تو نے یہ بھی فرمایا ہے مجھ سے دعا کرو میں

عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا

قبول کروں گا اور تو نے یہ بھی فرمایا ہے کہ جب میرے بندے مجھ سے مانگتے ہیں

دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ

تو میں (اسوقت) ان سے نزدیک ہوتا ہوں اور پکارنے والے کی دعا سنتا ہوں جب

لَعَلَّہُمْ یَرْشُدُوْنَ وَقُلْتَ یَا عِبَادِیَ

وہ مجھے پکارتا ہوں ہے لہٰذا بندوں کی چاہیئے کہ وہ مجھ سے دعا کریں تاکہ میں

الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا

اس کو قبول کروں اور مجھ پر ایمان لائیں شاید وہ ہدایت پا جائیں اور تو نے یہ بھی

مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ

فرمایا ہے کہ اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر اسراف ظلم کیا ہے خدا کی رحمت

الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ

سے مایوس نہ ہو یقیناً اللہ تمام گناہوں کا بخشنے والا ہے کیونکہ وہ رحم و کرم والا

الرَّحِيْمُ وَاَنَا اَسْئَلُكَ يَا اِلٰهِىْ وَ

ہے۔ (اب) میں اے میرے خدا تجھ سے سوال کرتا ہوں اے پالنے

اَدْعُوْكَ يَا رَبِّ وَاَرْجُوْكَ يَا سَيِّدِىْ

والے تجھے پکارتا ہوں اور اے میرے سردار تجھ سے امید رکھتا ہوں اور

وَاَطْمَعُ فِىْ اِجَابَتِىْ يَا مَوْلَاىَ كَمَا

اے میرے مالک دعا کے قبول ہونے کی طمع رکھتا ہوں جیسا کہ تو نے

وَعَدْتَّنِىْ وَقَدْ دَعَوْتُكَ كَمَآ اَمَرْتَنِىْ

وعدہ فرمایا ہے اور میں نے تو تجھے اسی طرح پکارا جیسا کہ تو نے

فَافْعَلْ بِىْ مَا اَنْتَ اَهْلُهٗ يَا كَرِيْمُ

حکم دیا ہے اب اے کریم کارساز جس کا تو اہل ہے وہ ہی مجھ پر کرم

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَ

کر اور تمام حمد اسی خدا کے لئے زیبا ہے جو تمام جہانوں کا مالک ہے اور

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝

خدا صلوات بھیجے محمد مصطفیؐ اور ان کی آلؑ پر

اَسْنَادُ دُرُوْدُ طُوْسِیْ علیہ الرحمۃ

ہر چند کہ درود طوسی رح بعض کتب میں مذکور ہے لیکن اصل اس درود کی دعائے توسل ہے اور بروایت ابن بابویہ قمیؒ یہ دعا آئمہ معصومین سلام اللہ علیہم اجمعین سے منسوب اور منقول ہے اسی باعث سے اس درود کا اعتبار ہو سکتا ہے اور فائدہ اور طریقہ اس درود کا یہ لکھا ہے کہ جب کوئی واسطے حصول مطالب کے اس دعا کو شروع کرے تو ایک دوشنبہ سے شروع کرے اور دوسرے دوشنبہ کو تمام کرے مگر قبل شروع کرنے کے غسل کرے اور لباس پاکیزہ پہنے۔ اور عطر لگائے اور وقت پڑھنے کے خوشبو اپنے پاس رکھے اور خدائے تعالیٰ ان کی برکت سے دعا مقبول کرتا ہے اور ہر روز گیارہ بار پڑھے اور سو بار شروع کرتے وقت اور سو بار تمام کرتے وقت یہ درود مختصر پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ ط اور دوسرا طریقہ اس کا یہ ہے کہ شب جمعہ اول ماہ مابین مغرب و عشا غسل کرکے دو رکعت نماز بہ نیت حاجت ادا کرے اور بتوجہ قلب رو بہ قبلہ بیٹھ کر آیۃ کریمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○ موافق اعداد اپنے نام کے پڑھے اور چالیسؔ مرتبہ درود پڑھ کر سجدہ میں جائے اور سو بار سَھِّلْ بِفَضْلِكَ یَا عَزِیْزُ پڑھے پھر درست ہو کر بتوجہ تمام اس درود معظم کو تلاوت کرے بعد اس کے ہر روز بعد نماز صبح ایک مرتبہ پڑھا کرے خدائے تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے دعا اس کی قبول فرما دے اور تمام گناہ اس کے معاف کرے اور ترقی رزق و نعمت و فراوانی مال و دولت عطا کرے اور دشمن اس کے مقہور ہوں اور جملہ آفات سے امان الٰہی میں رہے اور روشنی دل حاصل ہو اور بروز قیامت بشفاعت حضرات چہاردہ معصومین بہشت بریں میں مکان بلند میں جا گزیں ہو اور عذاب قبر اور ہول قیامت سے امن میں رہے اور آتش دوزخ کی اس پر حرام ہو اور جملہ بیماریوں اور تکالیف دنیوی سے حفظ حقیقی میں رہے۔ درود طوسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو رحمٰن و رحیم ہے

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَیْسَ قَبْلَکَ

اے خدا تو ایسا پہلا ہے کہ تجھ سے پہلے کوئی چیز

شَیْءٌ وَّاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَیْسَ بَعْدَکَ

نہیں اور تو ایسا آخر ہے کہ تیرے بعد کوئی چیز

شَیْءٌ وَّاَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَیْسَ فَوْقَکَ

نہیں اور تو ایسا ظاہر ہے کہ تجھ سے بڑھ کر کوئی چیز

شَیْءٌ وَّاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَیْسَ دُوْنَکَ

نہیں اور تو ایسا مخفی ہے کہ سوائے تیرے کوئی شے

شَیْءٌ وَّاَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ یَا کَائِنًا

نہیں اور تو بہت بڑی عزت و حکمت والا ہے اے ہونے

قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ وَّیَا بَاقِیًا بَعْدَ فَنَاءِ

والے قبل ہر شے کے اور اے باقی رہنے والے بعد فنا

کُلِّ شَیْءٍ یَا مَنْ هُوَ اَقْرَبُ اِلَیَّ مِنْ

ہر شے کے اے وہ ذات کہ بہت قریب ہے میری

حَبْلِ الْوَرِیْدِ یَا مَنْ هُوَ فَعَّالٌ لِّمَا

رگ گردن سے اے وہ کہ جس کام کا ارادہ کرتا

یُرِیْدُ یَا مَنْ یَّحُوْلُ بَیْنَ الْمَرْءِ وَ

ہے اسے کرتا ہے اے وہ کہ آدمی اور اس کے دل کے درمیان حائل

قَلْبِهٖ یَا مَنْ هُوَ بِالْمَنْظَرِ الْاَعْلٰی وَ

ہوتا ہے اے وہ کہ عرش اعلیٰ پر ہے اور

بِالْاُفُقِ الْمُبِیْنِ یَا مَنْ لَیْسَ کَمِثْلِهٖ

افق مبین کی طرح (پہچانا گیا) اے وہ کہ اس کی مثل کوئی

شَیْءٌ وَّهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ یَا مَنْ

شئے نہیں اور وہ (سب کچھ) سننے اور جاننے والا ہے اے وہ

هُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اِقْضِ

کہ جو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے میری حاجتوں کو

حَاجَاتِیْ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ

محمدؐ و آل محمدؐ کے واسطہ سے پورا کر جو پاک

الطَّاهِرِیْنَ

اور پاکیزہ ہیں

دَرُوْدُ طُوْسِیْ علیہ الرحمۃ

درود طوسی علیہ الرحمۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو بڑا مہربان اور رحیم ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَزِدْ وَبَارِكْ

اے اللہ درود اور سلام بھیج اور زیادہ کر اور افزائش کر اوپر

عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْعَرَبِیِّ الْقُرَشِیِّ

نبیؐ امی کے (جو) عرب کے قریش کی اور

الْمَکِّیِّ الْمَدَنِیِّ الْاَبْطَحِیِّ التِّهَامِیِّ

مدنی اور ابطحی اور تہامی اور

السَّیِّدِ الْبَهِیِّ السِّرَاجِ الْمُضِیِّ الْکَوْکَبِ

سردار ہیں اور روشن چراغ اور درخشندہ ستارہ ہیں جو ساتھ

الدُّرِّيِّ صَاحِبِ الْوَقَارِ وَالسَّكِينَةِ

عزت و آرام کے سرزمین مدینہ میں دفن

الْمَدْفُوْنِ بِاَرْضِ الْمَدِيْنَةِ الْعَبْدِ الْمُؤَيَّدِ

کئے گئے بندے تائید کئے ہوئے

وَالرَّسُوْلِ الْمُسَدَّدِ الْمُصْطَفَى الْاَمْجَدِ

اور پیغمبر راستگو پسندیدہ بزرگ

الْمَحْمُوْدِ الْاَحْمَدِ حَبِيْبِ اِلٰهِ الْعَالَمِيْنَ

تعریف کئے گئے بڑی تعریف سے خالق عالم کے دوست

وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَسَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ

اور نبیوں کا سلسلہ ختم کرنے والے اور تمام پیغمبروں کے سردار اور

شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ وَرَحْمَةٍ لِّلْعَالَمِيْنَ

گناہگاروں کے بخشانے والے اور عالم کے لوگوں کے واسطے رحمت

اَبِي الْقَاسِمِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ابو القاسم محمد درود خدا ان پر اور ان کی

وَاٰلِهٖ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ وَ

آل پر رحمت اور سلام تم پر اور

عَلٰى اٰلِكَ يَا اَبَا الْقَاسِمِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ

تمہاری آل پر اے ابو القاسم اے خدا کے رسول

يَا اِمَامَ الرَّحْمَةِ يَا شَفِيْعَ الْاُمَّةِ يَا

اے رحمت کے امام اے امت کی شفاعت کرنیوالے اے

كَاشِفَ الْغُمَّةِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

غم کے دور کرنے والے اے خلق پر حجت خدا

يَا سَيِّدَنَا وَ مَوْلَانَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَ

اے ہمارے سردار اے ہمارے آقا تحقیق کہ توجہ کی ہم نے اور

اسْتَشْفَعْنَا وَ تَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ

شفاعت چاہی ہم نے اور وسیلہ گردانتے ہیں تم کو اللہ

وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَيْ حَاجَاتِنَا فِي

کی طرف اور پیش کیا ہم نے تم کو اپنی حاجتوں کے سامنے

الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ

دنیا اور آخرت میں اے خدا کے نزدیک صاحب عزت ہمارے

اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

واسطے شفاعت کریں خدا کے پاس۔ اے خدا درود و سلام

سَلِّمْ وَزِدْ وَ بَارِكْ عَلَى السَّيِّدِ الْمُطَهَّرِ

بھیج اور زیادہ کر اور افزائش کر اوپر پاکیزہ سردار فتح مند

وَالْاِمَامِ الْمُظَفَّرِ وَالشُّجَاعِ الْغَضَنْفَرِ

پیشوا اور شیر درندہ ایسے بہادر جو

اَبِيْ شَبِيْرٍ وَّ شَبَّرَ قَاسِمِ طُوْبٰى وَ

شبیر و شبر کے باپ۔ طوبیٰ و سقر کے

سَقَرَ الْاَنْزَعِ الْبَطِيْنِ الْاَشْرَفِ

تقسیم کرنیوالے کشادہ پیشانی بزرگ شکم صاحب رتبہ بزرگ

اَلْمَكِيْنِ الْاَشْجَعِ الْمَتِيْنِ الْعَارِفِ

کے بڑے بہادر مضبوط خدا شناس

الْمُبِيْنِ النَّاصِرِ الْمُعِيْنِ وَلِيِّ الدِّيْنِ

ظاہر مددگار معین والی دین

الْوَالِي الْوَلِيِّ السَّيِّدِ الرَّضِيِّ الْاِمَامِ

کے جو حاکم تھے اور خدا کے دوست تھے سردار پسندیدہ تھے

الْوَصِيِّ الْحَاكِمِ بِالنَّصِّ الْجَلِيِّ الْمُخْلِصِ

امام وصی خلق پر حاکم تھے ساتھ نص روشن کے دوست

الصَّفِيِّ الْمَدْفُوْنِ بِالْغَرِيِّ لَيْثِ

برگزیدہ تھے جو نجف میں دفن کئے گئے شیر فرزندان

بَنِيْ غَالِبٍ مُظْهِرِ الْعَجَائِبِ وَمُظْهِرِ

غالب مظہر عجائب اور غرائب کے ظاہر کرنے والے اور

الْغَرَائِبِ وَمُفَرِّقِ الْكَتَائِبِ وَالشِّهَابِ

لشکروں کے پریشان کرنے والے اور چمک دار

الثَّاقِبِ وَالْهِزَبْرِ السَّالِبِ وَنُقْطَةِ

ستارہ اور بڑے شیر اور نقطۂ

دَائِرَةِ الْمَطَالِبِ اَسَدِ اللّٰهِ الْغَالِبِ

دائرہ مطالب کے مرکز خدا کے شیر غالب

غَالِبِ كُلِّ غَالِبٍ وَّمَطْلُوْبِ كُلِّ

اور ہر غالب کے اوپر غالب اور ہر دعا کرنے والوں کے

طَالِبٍ صَاحِبِ الْمَفَاخِرِ وَالْمَنَاقِبِ

مطلوب اور صاحب بزرگی اور فضائل مشرقوں اور

اِمَامِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ الَّذِیْ

مغربوں کے امام جن کی

حُبُّهٗ فَرْضٌ عَلَی الْحَاضِرِ وَالْغَائِبِ

محبت فرض ہے اوپر ہر حاضر اور غائب

مَوْلٰنَا وَمَوْلَی الثَّقَلَیْنِ الْاِمَامِ

کے ہمارے آقا اور دونوں جہان کے آقا امام

بِالْحَقِّ وَالْاَمِیْرِ الْمُطْلَقِ اَبِی الْحَسَنَیْنِ

برحق اور امیر مطلق حسنین (علیہما الصلوٰۃ والسلام) کے

اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْطَالِبٍ

والد مومنوں کے سردار علی ابن ابی طالبؑ

صَلَوٰةُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَیْهِ اَلصَّلٰوۃُ

درود ہو اللہ کا اور سلام اس پر اور رحمت ہو

وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ وَعَلٰی اٰلِكَ یَا اَبَا

اور سلام تم پر اور تمہارے فرزندوں پر اے

الْحَسَنَیْنِ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ یَا عَلِیُّ

ابوالحسنینؑ اے مومنوں کے امیر اے علیؑ

ابْنَ اَبِیْ طَالِبٍ یَا اَخَ الرَّسُوْلِ یَا

ابن ابی طالب اے رسولؐ کے بھائی اے

زَوْجَ الْبَتُوْلِ یَا اَبَا السِّبْطَیْنِ یَا

بتولؑ کے شوہر اے سبطینؑ کے باپ اے

حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰی خَلْقِهٖ یَا سَیِّدَنَا

خدا کی حجت اوپر خلق کے اے ہمارے سردار

وَمَوْلَانَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اور آقا تحقیق کہ متوجہ ہوئے ہم اور شفاعت چاہی ہم

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَی اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ

نے اور تم کو اللہ کی طرف سے بھیجے کا ہم نے وسیلہ بنایا اور ہم نے تم

بَیْنَ یَدَیْ حَاجَاتِنَا فِی الدُّنْیَا وَ

کو اپنی حاجتوں کے سامنے پیش کیا دنیا اور آخرت

الْاٰخِرَةِ یَا وَجِیْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ

میں اے خدا کے نزدیک صاحب عزت خدا کے نزدیک ہماری شفاعت

لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَزِدْ وَ

فرمائیے خداوندا درود اور سلام بھیج اور زیادہ کر اور

بَارِكْ عَلَی السَّیِّدَةِ الْجَلِیْلَةِ الْجَمِیْلَةِ

افزائش کر اوپر بزرگ سردار صاحب کرم معصومہؑ صاحب کرم

الْمَعْصُوْمَةِ الْمَظْلُوْمَةِ الْكَرِیْمَةِ

معصومہؑ مظلومہؑ کریمہؑ

النَّبِیْلَةِ الْمَكْرُوْبَةِ الْعَلِیْلَةِ ذَاتِ

غمگین درد رسیدہ بیمار صاحب

الْاَحْزَانِ الطَّوِیْلَةِ فِی الْمُدَّةِ الْقَلِیْلَةِ

مصیبت بسیار کے بہت قلیل مدت

الرَّضِیَّةِ الْحَلِیْمَةِ الْعَفِیْفَةِ السَّلِیْمَةِ

ہیں پسندیدہ بردبار پارسا صاحب تسلیم

الْمَجْهُوْلَةِ قَدْرًا وَّ الْمَخْفِیَّةِ قَبْرًا

و رضا مجہول کی گئیں از روئے قدر کے اور پوشیدہ ہوئیں از روئے

الْمَدْفُوْنَةِ سِرًّا وَّ الْمَغْصُوْبَةِ جَهْرًا

قبر کے دفن ہوگئیں پوشیدہ ان کا ظاہر حق غصب کیا گیا

سَیِّدَةِ نِسَآءِ الْاِنْسِیَّةِ الْحَوْرَآءِ اُمِّ

تمام عورتوں کی سردار ہیں صاحب نسب

الْاَئِمَّةِ النُّقَبَآءِ النُّجَبَآءِ بِنْتِ خَیْرِ

دمرتبہ و شریف ترین اماموں کی ماں ہیں بہترین پیغمبروں

الْاَنْبِیَآءِ الطَّاهِرَةِ الْمُطَهَّرَةِ الْبَتُوْلِ

کی بیٹی پاک اور پاکیزہ ہیں بتول

الْعَذْرَآءِ فَاطِمَةَ التَّقِیَّةِ النَّقِیَّةِ

عذرا فاطمہ زہرا منتخب پرہیزگار زہرا

الزَّهْرَآءِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَ سَلَامُهٗ

رحمت ہو اللہ کی اور سلام خدا کا

عَلَیْهَا اَلصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَیْكِ

ان پر درود و سلام ہو تم پر

وَعَلٰی ذُرِّیَّتِكَ یَا فَاطِمَةُ الزَّهْرَآءُ یَا

اور تمہارے فرزندوں پر اے فاطمہؑ زہرا اے

بِنْتَ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ اَیَّتُھَا الْبَتُوْلُ

محمدؐ رسول اللہ کی بیٹی اے بتولؑ

یَا قُرَّةَ عَیْنِ الرَّسُوْلِ یَا بِضْعَةَ النَّبِیِّ

اے رسولؐ کی آنکھ کی روشنی اے نبی کی پارہ

یَا اُمَّ السِّبْطَیْنِ یَا حُجَّةَ اللّٰہِ عَلٰی خَلْقِہٖ

اے سبطین کی والدہ اے خلق پر خدا کی حجت

یَا سَیِّدَتَنَا وَمَوْلٰتَنَا اِنَّا تَوَجَّھْنَا وَ

اے ہماری سردار اور ہماری آقا تحقیق کہ رجوع کیا ہم نے

اسْتَشْفَعْنَا وَتَوَسَّلْنَا بِكِ اِلَی اللّٰہِ

اور شفاعت چاہی ہم نے اور وسیلہ بنایا ہم نے تمکو خدا کی طرف

وَقَدَّمْنَاكِ بَیْنَ یَدَیْ حَاجَاتِنَا فِی

اور پیش کیا ہم نے تم کو روبرو اپنی حاجتوں کے دنیا اور

الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ یَا وَجِیْھَةً عِنْدَ

آخرت میں اے صاحب قدر نزدیک

اللّٰہِ اشْفَعِیْ لَنَا عِنْدَ اللّٰہِ بِحَقِّكِ وَ

خدا کے شفاعت خواہ ہو ہماری نزدیک خدا کے اپنے حق اور

بِحَقِّ بَعْلِكِ وَبِحَقِّ ذُرِّیَّتِكِ الطَّاهِرِیْنَ

اپنے شوہر کے حق اور اپنی پاک و پاکیزہ اولاد کے حق کے ساتھ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَزِدْ وَبَارِكْ عَلٰى
خداوندا درود وسلام بھیج زیادہ سے زیادہ اوپر سردار
السَّیِّدِ الْمُجْتَبٰى وَالْاِمَامِ الْمُرْتَجٰى
مقبول اور امام امید کیے گئے
سِبْطِ الْمُصْطَفٰى وَابْنِ الْمُرْتَضٰى
سبط مصطفٰی کے اور بیٹے مرتضٰی کے نشان
عَلَمِ الْهُدٰى اَلْعَالِمِ الرَّفِيْعِ ذِي
رہنمائی عالم بلند آوازہ صاحب حسب بزرگ
الْحَسَبِ الْمَنِيْعِ وَالْفَضْلِ الْجَمِيْعِ
اور صاحب فضل تمام کے
الشَّفِيْعِ بْنِ الشَّفِيْعِ الْمَقْتُوْلِ بِالسَّمِّ
شفاعت کرنے والا بیٹے شفاعت کرنے والے کے کشتہ کیے گئے
النَّقِيْعِ الْمَدْفُوْنِ بِاَرْضِ الْبَقِيْعِ
زہر قاتل کے دفن کیے گئے زمین بقیع میں جاننے والے
اَلْعَالِمِ بِالْفَرَائِضِ وَالسُّنَنِ صَاحِبِ
فرضوں اور سنتوں کے صاحب
الْجُوْدِ وَالْمِنَنِ كَاشِفِ الضُّرِّ وَ
بخشش اور احسان کے دور کرنے والے سختی اور
الْبَلْوٰى وَالْمِحَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَ
بلا اور رنج کے وہ کہ ظاہر ہے اس سے اور

مَا بَطَنَ اَلَّذِیْ عَجَزَ عَنْ عَدِّ
وہ پوشیدہ ہے اور وہ کہ عاجز ہوئیں تمام زبانیں اس کی
مَدَآئِحِهٖ لِسَانُ اللُّسُنِ اَلْاِمَامِ
تعریفوں کے شمار کرنے سے اور امام
الْمُؤْتَمَنِ وَالْمَسْمُوْمِ الْمُمْتَحَنِ اَلْاِمَامِ
امین اور زہر دیے گئے امتحان کئے گئے امام
بِالْحَقِّ اَبِیْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ صَلَوٰتُ اللّٰهِ
بحق ابو محمدؑ حسنؑ اور ان کے خدا کی رحمت
وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ
اور سلام ہو رحمت اور سلام
عَلَيْكَ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ يَا حَسَنَ بْنَ عَلِیٍّ
تم پر اے ابو محمدؑ اے حسنؑ ابن علیؑ
اَيُّهَا الْمُجْتَبٰى يَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا بْنَ
اے خدا کے برگزیدہ اے رسولؐ خدا کے فرزند اے
اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ يَا بْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ
امیرالمؤمنینؑ کے فرزند اے فرزند فاطمہؑ زہرا
يَا سَيِّدَ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ يَا حُجَّةَ
اے جوانان بہشت کے سردار اے تمام
اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا وَ
مخلوق پر خدا کی حجت اے ہمارے سردار اور

مَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا وَ
اے ہمارے آقا تحقیق کہ رجوع کیا ہم نے اور شفاعت چاہی ہم نے اور

تَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ
تم کو وسیلہ گردانا ہم نے طرف خدا کے اوپر پیش کیا ہم نے تم کو روبرو

يَدَیْ حَاجَاتِنَا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَا
اپنی حاجتوں کے دنیا و آخرت میں اے

وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ
صاحب عزت نزدیک خدا کے شفاعت خواہ ہو ہمارے لئے نزدیک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَزِدْ وَبَارِكْ عَلٰى
خدا کے خداوندا درود اور سلام بھیج اور زیادہ کر اور افزائش کر اوپر

السَّيِّدِ الزَّاهِدِ وَالْاِمَامِ الْعَابِدِ الرَّاكِعِ
سردار تارک دنیا کے امام عبادت کرنیوالے رجوع کرنیوالے

السَّاجِدِ وَلِيِّ الْمَلِكِ الْمَاجِدِ وَقَتِيْلِ
سجدہ کرنے والے دوست بادشاہ بزرگ اور قتل کئے ہوئے

الْكَافِرِ الْجَاحِدِ زَيْنِ الْمَنَابِرِ وَالْمَسَاجِدِ
کافر منکر خدا کے زینت منبروں اور مسجدوں

صَاحِبِ الْمِحْنَةِ وَالْكَرْبِ وَالْبَلَاۤءِ
کی صاحب محنت رنج اور بلاء کے

اَلْمَدْفُوْنِ بِاَرْضِ كَرْبَلَاۤءِ سِبْطِ رَسُوْلِ
دفن کئے گئے زمین کربلا میں نواسے رسولؐ

الثَّقَلَيْنِ وَنُوْرِ الْعَيْنَيْنِ مَوْلٰنَا وَمَوْلَى

دو جہاں کے اور روشنی دونوں آنکھوں کے ہمارے مولا اور

الْكَوْنَيْنِ الْاِمَامِ بِالْحَقِّ اَبِىْ عَبْدِ اللهِ

دونوں عالم کے امام برحق ابی عبد اللہ الحسینؑ

الْحُسَيْنِ صَلَوٰاتُ اللهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِ

رحمت اللہ کی اور سلام ان پر

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ

درود و سلام تم پر اے ابا عبد اللہ

اللهِ الْحُسَيْنَ يَا حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ اَيُّهَا

الحسینؑ اے حسینؑ ابن علیؑ اے

الشَّهِيْدُ الْمَظْلُوْمُ يَا بْنَ رَسُوْلِ اللهِ

شہید مظلوم اے فرزند رسولؐ اللہ

يَا بْنَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ يَا بْنَ فَاطِمَةَ

اے فرزند امیر المومنینؑ اے فرزند فاطمہؑ

الزَّهْرَآءِ يَا سَيِّدَ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ

زہرا اے جوانان بہشت کے سردار

يَا حُجَّةَ اللهِ عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا وَ

اے مخلوق پر خدا کی حجت اے ہمارے سردار اور

مَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

ہمارے آقا بتحقیق رجوع کی ہم نے اور شفاعت خواہ ہوئے

20

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ إِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ

اور توسل گردانا ہم نے تم کو اللہ کی طرف اور مقام کیا ہم نے تم کو

بَيْنَ يَدَىْ حَاجَاتِنَا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اپنی حاجتوں سے دنیا اور آخرت میں اے

يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ

صاحب عزت نزدیک اللہ کے خداوندا درود

اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَزِدْ وَبَارِكْ

اور سلام بھیج اور زیادہ کر افزائش

عَلٰى اَبِى الْاَئِمَّةِ وَسِرَاجِ الْاُمَّةِ وَ

کر اور اماموں کے باپ اور امت کے چراغ ہدایت اور

كَاشِفِ الْغُمَّةِ وَمُحْيِى السُّنَّةِ وَسَنِيِّ

غموں کے دور کرنے والے اور سنتوں کے زندہ کرنیوالے

الْهِمَّةِ رَفِيْعِ الرُّتْبَةِ وَاَنِيْسِ الْكُرْبَةِ

اور بلند ہمت بلند مرتبہ اور مصیبت کے ساتھی

وَصَاحِبِ النُّدْبَةِ الْمَدْفُوْنِ بِاَرْضِ

اور صاحب نوحہ کے جو پاکیزہ زمین مدینہ میں دفن

طَيْبَةِ الْمُبَرَّءِ مِنْ كُلِّ شَرٍّ وَّشَيْنٍ وَّ

کئے گئے اور ہر قسم کے شر و فساد سے بالکل

اَفْضَلِ الْمُجَاهِدِيْنَ وَاَكْمَلِ

بڑی جہاد کرنے والوں میں سب سے افضل اور شکر

الشَّاكِرِيْنَ وَالْحَامِدِيْنَ شَمْسِ نَهَارِ

کرنے والوں اور حمد کرنے والوں میں سب سے کامل استغفار

الْمُسْتَغْفِرِيْنَ وَقَمَرِ لَيْلَةِ الْمُتَهَجِّدِيْنَ

کرنے والوں کی صبح کے آفتاب اور تہجد گزاروں کی رات کے

الْاِمَامِ بِالْحَقِّ زَيْنِ الْعَابِدِيْنَ اَبِيْ

چاند امام برحق عابدوں کی زینت ابو

مُحَمَّدٍ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ صَلَوٰتُ

محمدؐ علیؑ حسینؑ کے فرزند درود

اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَ

اللہ کا اور سلام خدا کا دونوں درود اور

السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ يَا عَلِيَّ

سلام تم پر اے ابو محمدؐ اے علیؑ

بْنَ الْحُسَيْنِ يَا زَيْنَ الْعَابِدِيْنَ اَيُّهَا

بن حسینؑ اے زین العابدینؑ اے

السَّجَّادُ يَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا بْنَ

سجادؑ اے فرزند رسولؐ خدا اے فرزند

اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى

امیر المومنینؑ اے حجت خدا اوپر

خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا

خلائق کے اے ہمارے سردار اور ہمارے آقا بتحقیق کہ ہم نے

وَاسْتَشْفَعْنَا وَتَوَسَّلْنَا بِكَ إِلَى اللهِ

توجہ کی اور شفاعت خواہ ہوئے اور وسیلہ گردانا ہم نے تم کو

وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَيْ حَاجَاتِنَا فِي الدُّنْيَا

طرف اللہ اور پیش کیا ہم نے تم کو طرف اللہ اپنی حاجتوں کے

وَالْاٰخِرَةِ يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللهِ اِشْفَعْ

روبرو دنیا اور آخرت میں اے صاحب مرتبہ خدا کے نزدیک

لَنَا عِنْدَ اللهِ بِحَقِّكَ وَبِحَقِّ جَدِّكَ

شفاعت خواہ ہمارے خدا سے اپنے حق اور اپنے اجداد

وَبِحَقِّ اٰبَائِكَ الطَّاهِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ

کے حق اور اپنے پاکیزہ باپوں کے حق کے ساتھ خداوندا

صَلِّ وَسَلِّمْ وَزِدْ وَبَارِكْ عَلٰى قَمَرِ

رحمت و سلام بھیج اور زیادہ کر اور افزائش کر اوپر

الْاَقْمَارِ وَنُوْرِ الْاَنْوَارِ وَقَائِدِ

ماہتابوں کے ماہتاب کے اور نوروں کے نور اور نیکیوں کے

الْاَخْيَارِ وَسَيِّدِ الْاَبْرَارِ الطُّهْرِ

پیشوا اور متقیوں کے سردار پاک

الطَّاهِرِ وَالنَّجْمِ الزَّاهِرِ وَالْبَدْرِ

پاکیزہ اور ستارہ روشن اور ماہ کامل اور

الْبَاهِرِ وَالْبَحْرِ الزَّاخِرِ وَالدُّرِّ

دریائے موجزن اور موتی بہتر جو لقب کیے گئے

الْفَاخِرِ الْمُلَقَّبِ بِالْبَاقِرِ السَّيِّدِ الْوَجِيْهِ

ساتھ باقرؑ کے سردار بلند مرتبہ اور

الْاِمَامِ النَّبِيْهِ الْمَدْفُوْنِ عِنْدَ جَدِّهٖ

امام صاحب عقل جو دفن ہوئے نزدیک اپنے دادا

وَاَبِيْهِ الْحِبْرِ الْمَلِيِّ عِنْدَ الْعَدُوِّ وَ

اور اپنے والد کے بڑے عقلمند نزدیک دشمن اور

وَالْوَلِيِّ الْاِمَامِ بِالْحَقِّ الْاَزَلِيِّ اَبِيْ

دوست کے اور امام برحق ہمیشہ کے ابی

جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ صَلَوَاتُ اللّٰهِ

جعفرؑ محمدؑ بیٹے علیؑ کے رحمت اللہ کی

وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

اور سلام ان دونوں پر رحمت اور سلام

عَلَيْكَ يَا اَبَا جَعْفَرٍ يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ

تم پر اے ابو جعفرؑ اے محمد بیٹے علیؑ کے

اَيُّهَا الْبَاقِرُ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا ابْنَ

اے باقر علیہ السلام اے فرزند رسولؐ خدا کے اے فرزند

اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى

امیر المومنینؑ کے اے حجت خدا کے خلق خدا

خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا

پر اے سردار ہمارے اور اے مولیٰ ہمارے کہ تحقیق

وَاسْتَشْفَعْنَا وَتَوَسَّلْنَا بِكَ إِلَى اللّٰهِ

رجوع کی ہم نے اور شفاعت خواہ ہوئے ہم اور وسیلہ کیا ہم نے تم کو

وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَيْ حَاجَاتِنَا فِي

طرف خدا کے اور پیش کیا ہم نے تم کو روبرو اپنی حاجتوں کے

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ

دنیا و آخرت میں اے صاحب عزت نزدیک خدا کے

اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ بِحَقِّكَ وَبِحَقِّ

شفاعت خواہ ہو ہمارے نزدیک خدا کے اپنے حق کے ساتھ اور

جَدِّكَ وَبِحَقِّ اٰبَائِكَ الطَّاهِرِيْنَ

اپنے پاکیزہ آبائے کے حق کے ساتھ خداوندا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَزِدْ وَبَارِكْ عَلَى

رحمت اور سلام بھیج اور زیادہ کر اور افزائش کر

السَّيِّدِ الصَّادِقِ الصِّدِّيْقِ الْعَالِمِ

اوپر سردار صادق نہایت راست گو عالم

الْوَثِيْقِ الْحَلِيْمِ الشَّفِيْقِ الْهَادِيْ اِلَى

مضبوط بردبار مہربان ہدایت کرنے والے طرف

الطَّرِيْقِ السَّاقِيْ شِيْعَتَهٗ مِنَ الرَّحِيْقِ

سیدھے راستہ کے پلانے والے اپنے شیعوں کو شراب

وَمُبَلِّغِ اَعْدَائِهٖ اِلَى الْحَرِيْقِ صَاحِبِ

خالص بہشت سے اور پہنچانے والے اپنے دشمنوں کو آتش سوزاں کے

الشَّرَفِ الرَّفِیْعِ ذِی الْحَسَبِ الْمَنِیْعِ وَ

صاحب شرف بلند مرتبہ اور حسب برتر اور فضل تمام

الْفَضْلِ الْجَمِیْعِ الشَّفِیْعِ ابْنِ الشَّفِیْعِ

کے شفاعت کرنیوالے فرزند شفاعت کرنیوالے کے جو دفن

الْمَدْفُوْنِ بِاَرْضِ الْبَقِیْعِ الْمُهَذَّبِ

کئے گئے زمین بقیع میں پاک کئے ہوئے

الْمُؤَیَّدِ الْمُمَجَّدِ الْاَمْجَدِ الْاِمَامِ بِالْحَقِّ

بزرگی دیئے ہوئے امام برحق

اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ صَلَوَاتُ

ابو عبداللہؑ جعفرؑ ابن محمدؑ رحمت

اللّٰهِ وَ سَلَامُهٗ عَلَیْهِمَا اَلصَّلٰوةُ وَ

خدا کی اور سلام اور ان دونوں کے درود اور

السَّلَامُ عَلَیْكَ یَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ جَعْفَرَ

سلام تم پر اے ابا عبداللہؑ اے جعفرؑ

بْنَ مُحَمَّدٍ اَیُّهَا الصَّادِقُ یَابْنَ رَسُوْلِ

فرزند محمد باقرؑ کے اے راست گو اے فرزند

اللّٰهِ یَابْنَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ یَا حُجَّةَ

رسولؐ خدا اے فرزند امیرالمومنینؑ اے حجت خدا

اللّٰهِ عَلٰی خَلْقِهٖ یَا سَیِّدَنَا وَ مَوْلٰنَا

کے خلق خدا پر اے سردار ہمارے آقا ہمارے

اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا وَتَوَسَّلْنَا

تحقیق رجوع کیا ہم نے اور شفاعت خواہ ہوئے ہم اور وسیلہ گردانا

بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَیْ

ہم نے تم کو طرف اللہ کے اور مقدم رکھا ہم نے تم کو روبرو

حَاجَاتِنَا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَاوَجِيْهًا

حاجتوں اپنی کے دنیا اور آخرت میں اے صاحب عزت

عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ بِحَقِّكَ

نزدیک اللہ کے ہو شفیع ہمارے نزدیک اللہ کے اپنے طفیل سے

وَبِحَقِّ جَدِّكَ وَبِحَقِّ اٰبَائِكَ الطَّاهِرِيْنَ

اور اپنے آبائے کے طفیل سے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَزِدْ وَبَارِكْ

خداوندا درود اور سلام نازل کر اور زیادتی اور

عَلَى السَّيِّدِ الْكَرِيْمِ وَالْاِمَامِ الْحَلِيْمِ

برکت دے اوپر سردار صاحب بخشش اور امام بردبار

وَسَمِّی الْكَلِيْمِ الصَّابِرِ الْكَظِيْمِ

اور ہمنام موسیٰ کلیم اللہ کے صبر کرنے والے غصہ روکنے

صَاحِبِ الْعَسْكَرِ وَالْجَيْشِ الْمَدْفُوْنِ

والے تھے مالک لشکر اور فوج کے اور دفن

بِمَقَابِرِ قُرَيْشٍ صَاحِبِ الشَّرَفِ

کئے گئے مقبرہ قریش میں صاحب شرف

الْاَنْوَرِ وَالْمَجْدِ الْاَظْهَرِ وَالْجَبِیْنِ
